فوری ریلیز کے لیے: 23/9/2022 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے پسماندہ کمیونٹیز میں شدید گرم حالات کا مطالعہ کرنے کے لیے قانون سازی پر دستخط کیے ہیں

قانون سازی (S.8431-A/A.10001-B) محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کو ہدایت کرتی ہے کہ شہری علاقوں میں غیر متناسب گرمی کے حالات کے اثرات پر ایک مطالعہ منعقد کروایا جائے

گورنر Kathy Hochul نے آج (S.8431-A/A.10001-B) قانون سازی پر دستخط کیے ہیں جو ریاست نیویارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کو ہدایت دے گی کہ پسماندہ کمیونٹیز میں، شہری گرم جزیروں کے نام سے معروف، غیر متناسب گرمی کے حالات کے اثرات کا مطالعہ کیا جائے۔

"شدید گرمی ہر سال نیویارک کے کئی باشندوں، خاص طور پر پسماندہ کمیونٹیز اور غیر سفید فام کمیونٹیز میں رہنے والوں کی زندگیوں اور روزگار کو خطرے سے دوچار کرتی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "جبکہ ہم ہفتۂ ماحولیات کا اختتام کر رہے ہیں، تو ہم انتہائی شدید گرمی سے نمٹنے اور ماحولیاتی تبدیلیوں کا سامنا کرنے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں۔ اس مطالعے سے ہم نیویارک کے باشندوں کی حفاظت کرنے اور آنے والی نسلوں کے لیے اپنی ریاست کو رہنے کی ایک مزید صحت مند، زیادہ پائیدار جگہ بنانے کی راہ پر گامزن ہو جائیں گے۔"

(S.8431-A/A.10001-B) قانون سازی ماحولیاتی انصاف کی انٹر ایجنسی رابطہ کاری کی کونسل اور ماحولیاتی انصاف کے عاملہ گروپ کے ساتھ مشاورت کرتے ہوئے، ریاست نیویارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ (Department of Environmental Conservation، DEC) کو ہدایت دیتی ہے، کہ شہری علاقوں میں بالخصوص پسماندہ کمیونٹیز میں گرمی کے غیر متناسب حالات کے اثرات کا مطالعہ کیا جائے۔ ریاست بھر کے مختلف شہر گرمی میں اضافے کا شکار ہو رہے ہیں جس کی وجہ بنیادی ڈھانچہ ہے جو دن بھر کے دوران گرمائش کو اپنے اندر بند رکھتا ہے اور اکٹھا کر لیتا ہے، جو کہ شہری گرم جزیرے کا اثر کہلانے والا ایک عمل ہے۔ اس مطالعے سے گرم جزیروں کی کثرت والی پسماندہ شہری کمیونٹیز کی نشاندہی کی جائے گی، اس میں ایسی سفارشات شامل ہیں کہ شہری گرم جزیرے کے اثر سے پیدا ہونے والے صحت اور ماحول کے منفی اثرات کی شناخت، روک تھام کیسے کی جائے اور ان سے کیسے نمٹا جائے اور اس طرح کے اثرات سے بچنے کے لیے ممکنہ فنڈنگ کی نشاندہی کی جائے۔

کمشنر ریاست نیویارک کا محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ اور ماحولیاتی ایکشن کونسل کے شریک صدر Basil Seggos نے کہا، "ماحولیاتی تبدیلی نہ صرف ہمارے ماحول کو متاثر کر رہی ہے، بلکہ ماضی میں ماحولیاتی آلودگی کے بوجھ تلے دبی ہوئی کمیونٹیز میں صحت عامہ کے پہلے سے موجود مہلک نتائج کا سبب بھی بن رہی ہے۔ DEC اپنے بہت سے مقامی، ریاستی اور قانون ساز شراکت داروں کے ساتھ اس اہم مطالعہ کو آگے بڑھانے کا منتظر ہے اور شدید گرمی سے نمٹنے اور نیویارک کے باشندوں کو محفوظ رکھنے میں مدد کے لیے گورنر Hochul کی قیادت میں کام جاری رکھے گا۔"

ریاست نیویارک کے محکمہ برائے توانائی کی تحقیق اور ترقی کی صدر اور CEO اور ماحولیاتی ایکشن کونسل کی شریک صدرDoreen M. Harris نے کہا، "گورنر Hochul اس بات کے لیے پُرعزم ہیں کہ ماحولیاتی تبدیلی کے خلاف جنگ جاری رکھی جائے اور وہ سمجھتی ہیں کہ کئی سالوں سے نظرانداز ہونے والی کمیونٹیز صفِ اول میں

شمار ہوتی ہیں اور یہ کمیونٹیز شدید گرمی اور ریاست بھر میں شہری مراکز کو متاثر کرنے والی نقصان دہ آلودگی کے بدترین اثرات کا شکار ہو چکی ہیں۔ یہ مطالعہ جب مکمل ہو جائے گا، تو یہ ماحولیاتی انصاف کے حصول کی جانب نیویارک کی کوششوں میں مزید معاونت کرے گا اور معلومات پر مبنی حل کے استعمال کے ذریعے صحت عامہ کو بہتر بنانے اور زندگی کے بہتر معیار میں معاونت کرنے کے لیے خاندانوں کو مراعات سے مستفید کرے گا، جیسے کہ پائیدار اور سستی ٹھنڈک کا حصول جس کے نتیجے میں اپنے سیارے کو مزید محفوظ، مزید صاف بنایا جا سکتا ہے۔"

ریاستی سینیٹر Kevin Parker نے کہا، "گلوبل وارمنگ کے نتیجے میں اندرون شہر کی شہری کمیونٹیز کی حالت خراب سے خراب تر ہو گئی ہے۔ یہ زیادہ تر افریقی-امریکی اور لاطینی کمیونٹیز ہیں جو ماحولیاتی تبدیلیوں سے پیدا ہونے والی گرمی کے اثرات کے غیر متناسب مضمرات کا سامنا کرتی ہیں۔ NYC میں اس موسم گرما کے دو ہفتے طویل گرمی کے آثار نظر آنے پر گرم جزیرے کے یہ اثرات نمایاں ہوئے تھے۔ اس نئے قانون سے NYS کو ایسا ڈیٹا فراہم کیا جائے گا جو ان اثرات کو سمجھنے اور ان کو کم کرنے کے لیے حکمت عملی اور طریقہ کار، دونوں کو تیار کرنے میں ان کو درکار ہے۔ ماحولیاتی انصاف کے لیے آواز اٹھانے پر گورنر Hochul آپ کا شکریہ"۔

رکن اسمبلی Brian Cunningham نے کہا، "اس بل کے نتیجے میں شہری گرم جزیرے کے اثرات کے بارے میں ایک مطالعہ منعقد کیا جائے گا جس کا مقصد پسماندہ کمیونٹیز کی زندگیوں میں بہتری پیدا کرنا ہے۔ اس بات کی نشاندہی کرتے ہوئے کہ گرم جزیروں کثرت کہاں پائی جاتی ہے اور صحت اور ماحولیاتی اثرات کو کم سے کم کرنے کے لیے سفارشات جاری کرتے ہوئے، مجھے پورا بھروسہ ہے کہ یہ تحقیق ایک ڈرامائی اثر پیدا کرے گی۔ ہم ماحولیاتی انصاف کی انٹرایجنسی رابطہ کار کونسل اور ماحولیاتی انصاف کے عاملہ گروپ کا اس تحقیق پر پیشگی شکریہ ادا کرتے ہیں۔"

NYC ماحولیاتی انصاف کے اتحاد کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Eddie Bautista نے کہا، "NYC ماحولیاتی انصاف کا اتحاد، اہم سپانسرز سینیٹر Parker اور AM Cunningham، کے ساتھ سپیکر اسمبلی Heastie اور سینیٹ اکثریتی Andrea Stewart-Cousins کا شکریہ ادا کرنا چاہے گا کہ انہوں نے گورنر Hochul کے قلمدان سے اس بل کو منظور کروانے میں مدد کے لیے ماحولیاتی قیادت نبھائی ہے۔ ہم گورنر Hochul کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے انتہائی شدید گرمی جیسے شدید ماحولیاتی اثرات سے نمٹنے اور ان کو کم کرنے کے لیے اپنی لگن کا اظہار کیا ہے۔ اس بل کے منشور کا مطالعہ کرنے سے غیر متناسب شہری گرم جزیرے کے اثرات اور ان سے متعلقہ شدید گرمی کے نتائج کی بہتر وضاحت کرنے میں مدد ملے گی جن کا سامنا پسماندہ کمیونٹیز کر رہی ہیں۔ اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ ماحولیاتی انصاف کے گروپوں اور ماحولیاتی انصاف کے عاملہ گروپ کے ساتھ مشاورت کرتے ہوئے اس مطالعہ کو انجام دیا جائے، وہ اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ اس مطالعے کے موضوع، یعنی جو لوگ اس سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں، وہ اس عمل میں اچھی طرح شامل ہوں، یوں اس کارروائی میں انہیں رہنماؤں کے طور پر کام کرنے اور یہ بتانے کی اجازت دی جائے کہ وہ اپنی کمیونٹیز کے لیے کس بات کو سب سے زیادہ اہم اور مفید سمجھتے ہیں۔"

WE ACT برائے ماحولیاتی انصاف میں ڈائریکٹر برائے پالیسی Sonal Jessel نے کہا، "انتہائی شدید گرمی نہ صرف ماحولیاتی تبدیلی سے پیدا ہونے والا سب سے ہلاکت خیز اثر ہے، بلکہ اس کی وجہ سے نیویارک شہر کے اندر دوسرے نسلی اور آبائی گروہوں کے مقابلے میں سیاہ فام/افریقی امریکی لوگوں کی دگنی تعداد ہلاک ہو جاتی ہے۔ ہم ماحولیاتی انصاف کے اس اہم مسئلے کو حل کرنے پر گورنر Hochul کی قیادت پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں، اور ہم محکمہ ماحولیاتی تحفظ کو ہر ممکن امداد فراہم کرنے کے لئے تیار ہیں۔"

ماحولیاتی وکلاء NY کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Peter Iwanowicz نے کہا، "ماحولیاتی بحران جس انداز میں نیویارک کو متاثر کر رہا ہے اس کی ایک واضح صورت انتہائی شدید گرمی ہے۔ یہ بات خاص طور پر ان علاقوں پر صادق آتی ہے جہاں ریڈ لائننگ جیسی نسل پرستانہ پالیسیوں کی روایت نے وہاں رہنے والے لوگوں کو غیر متناسب طور پر متاثر کیا ہے، اور انہیں 'گرم جزیرے' میں مقید کر دیا ہے۔ اس اہم قانون سازی پر دستخط کرنے پر ہم گورنر Hochul کو سراہتے ہیں جس کے ذریعے گرم جزیروں کے بارے میں اہم معلومات اکٹھی بھی کی جائیں گی اور ماضی کی غلطیوں کو درست کرنے کے لیے ایک منصوبہ بھی بنایا جائے گا۔"

نیویارک لیگ برائے کنزرویشن ووٹرز کی صدر Julie Tighe نے کہا، "گرم جزیرے کے اثر سے پسماندہ کمیونٹیز میں رہنے والے لوگ خطرے سے دوچار ہو جاتے ہیں اور ان لوگوں کے اخراجات بےقابو ہو جاتے ہیں جو اس کے کم سے کم متحمل ہو سکتے ہیں۔ نیویارک لیگ برائے کنزرویشن ووٹرز، اس بل پر دستخط کرنے پر گورنر Hochul کو سراہتی ہے، جو ماضی کی اور موجودہ ماحولیاتی ناانصافیوں کی غلطیوں کو سدھارنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ گرم جزیرے کا بل اس بات کو یقینی بنائے گا کہ حقائق کو اکٹھا کیا جائے، اور وہاں سے، ایک مزید سرسبز، زیادہ مساوی شہری منظر نامے کے لیے حل نکالنا ممکن بنایا جائے۔"

ریاست نیویارک انتظامی طور پر پہلے ہی ایسے اقدامات کر رہی ہے جن سے شہری کمیونٹیز میں انتہائی شدید گرمی سے نمٹا جائے، جن میں [انتہائی شدید گرمی کا عملی منصوبہ] تشکیل دینا شامل ہے، جس کی رہنمائی ریاست نیویارک کی توانائی کی تحقیقی اور ترقیاتی اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority، NYSERDA) اور محکمۂ ماحولیاتی تحفظ (DEC) کی جانب سے مشترکہ طور پر کی جا رہی ہے۔ انتہائی شدید گرمی کے عملی منصوبے کے لیے عارضی سفارشات 23 جولائی 2022 کو جاری کی گئی تھیں۔ یہ منصوبہ خصوصی طور پر ماحولیاتی آلودگی اور موسمی تبدیلی سے غیر متناشب طور پر متاثرہ کمیونٹیز پر مرکوز ہے اور ریاست کے ملازمت، تفریح اور پسماندہ کمیونٹیز کے شعبوں پر ہونے والے شدید گرمی کے اثرات میں کمی لانے کے موجودہ طریقہ کار میں موجود خامیوں کی نشاندہی کرتا ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418